17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اسلامی افکار و نظریات	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشہادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں):_______________

نام طالبعلم:_______________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ عربی زبان میں کسی مقدس مقام کی زیارت کے لیے سفر کرنے کو کہتے ہیں:

(الف) جہاد (ب) زکوۃ (ج) حج (د) معراج

2۔ حصول روزگار کے لئے جسمانی محنت کرنا ہے:

(الف) منع ہے (ب) معیوب نہیں (ج) صحیح نہیں (د) بری خصلت ہے

3۔ کوڑے اور غلاظتوں پر پلنے والے جانور کہلاتے ہیں:

(الف) الجلالۃ (ب) الدجاجۃ (ج) الدابۃ (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ ہمارے نبی ﷺ نے سود کو قرار دیا ہے:

(الف) ایک بڑی لڑائی (ب) ایک بڑی برائی (ج) ایک اہم شئے (د) ایک لعنت

5۔ فکر معاش سبب ہے:

(الف) گناہ مٹنے کا (ب) فراخی کا (ج) تنگدستی کا (د) آخرت سے دوری کا

6۔ انشورنس پالیسی کا متبادل متعارف ہے:

(الف) سود (ب) رہن (ج) تکافل (د) مرابحہ

7۔ سودے کی منسوخی کو کہا جاتا ہے:

(الف) الشح (ب) کلالہ (ج) تنسیخ (د) اقالہ

8۔ اسلامی اصولوں کے مطابق عالمی سطح پر سرمایہ کاری کا اتنا اندازہ لگایا گیا ہے:

(الف) 20.431ڈالر (ب) 21.431ڈالر (ج) 22.431ڈالر (د) 23ارب ڈالر

9۔ عزالدین بن عبدالاسلام کے مطابق جج کا فیصلہ اتنے امور میں سے کسی ایک سے ٹوٹ جاتا ہے:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

10۔ ایک فتوی کو دوسرے فتوی پر ترجیح دینے والی اصطلاحات کا استعمال کیا ہے:

(الف) امام مالک نے (ب) امام اعظم نے (ج) امام شافعی نے (د) تینوں نے

ورق الٹیے

11۔ "الاحکام السلطانیہ" یہ کتاب ہے:

(الف) امام ماوردی کی (ب) امام سیوطی کی (ج) امام ذھبی کی (د) امام قسطلانی کی

12۔ حضرت شاہ ولی اللہ کے مطابق فقہی آراء کی اقسام ہیں:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

13۔ مقلد فقہاء کے درجات ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

14۔ شرعی معاملات کی بڑی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

15۔ عام طور پر مجتہد اتنے معاملات میں اختلاف کرتا ہے:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

16۔ اسلامی قوانین کی روح ہے:

(الف) مصلحت (ب) عبادت (ج) معاملات (د) تینوں

17۔ آپ ﷺ دو امور میں ہمیشہ اختیار فرماتے:

(الف) آسان (ب) مشکل (ج) مشکل ترین (د) درمیانہ

18۔ "مجتہد فی الشرع" کا دوسرا نام ہے:

(الف) مجتہد مطلق (ب) مجتہد فی المذہب (ج) مجتہد مقلد (د) مجتہد فی المسائل

19۔ مصارف زکوٰۃ میں حضرت عمر فاروق نے اس شق کو معطل کیا تھا:

(الف) مسکین (ب) فقیر (ج) ابن سبیل (د) تالیف قلب

20۔ زمانہ قحط میں قطع ید کی سزا اس صحابی نے معطل کی تھی:

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت ابو بکر (د) حضرت علی

17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اسلامی افکار و نظریات	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اللہ کے ہاں جائز کام کی قبولیت کی شرط کیا ہے؟
2۔ اسلامی نقطہ نظر سے بھیک مانگنا کیسا ہے؟
3۔ بیع کے اوپر بیع کا کیا حکم ہے؟ ذکر کریں۔
4۔ ظالم کے معاون کا کیا حکم ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ سچائی کی فضیلت پر کوئی آیت کریمہ لکھیں۔
6۔ استغناء سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ قرض دینے کا اجر سپرد قلم کریں۔
8۔ اسلامی بینکنگ میں مالیاتی نظام کیسا ہے؟ سپرد قلم کریں۔
9۔ اسلامی بینکاری کی اہمیت ردو لائنیں لکھیں۔
10۔ مضاربت کے بارے میں ائمہ اربعہ کی کیا آراء ہیں تحریر کریں۔
11۔ الانتقال بین المذاہب سے کیا مراد ہے؟
12۔ "ھذا ارفق الناس" اس اصطلاح کا کیا مطلب ہے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ مرتد کی توبہ کے بارے میں امام مالک کا کیا موقف ہے؟
2۔ الانتقال بین المذاہب کے بارے میں امام شافعی کا قول لکھیں۔
3۔ مجتہد فی المسائل میں سے کسی تین کے نام لکھیں۔
4۔ اصحاب تمیز سے کیا مراد ہے؟
5۔ اخلاقیات کی اصطلاح کا مفہوم تحریر کریں۔
6۔ ذخیرہ اندوزی کی مذمت پر فرمان نبوی ﷺ تحریر کریں۔
7۔ مصارف زکوۃ تحریر کریں۔
8۔ "بیع المنابذۃ" کیا ہے؟ تعریف کریں۔
9۔ "تغیر الاحکام بتغیر الاحوال والزمان" کی وضاحت کریں۔
10۔ دین میں آسانی اور سنت رسول ﷺ دو لائنوں میں لکھیں۔
11۔ تغیر احکام کی ایک قرآنی مثال تحریر کریں۔
12۔ تحقیق مناطہ کے اصول کی وضاحت کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اسلام میں وراثت کا دستور آیات قرآنیہ کی روشنی میں تفصیلاً سپرد قلم کریں۔

ii. معاشرہ کی خوشحالی کے لیے مندرجہ ذیل کی مذمت کریں:

ارتکاز دولت　　　　کالے دھن کو سفید کرنا

iii. خلیفہ ہارون الرشید نے کن تین چیزوں کے بارے میں امام مالک سے مشورہ کیا تھا اور امام مالک نے ان کا کیا جواب دیا تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. مقلد فقہاء کے کتنے درجات ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. "الانتقال بین المذاہب" کے بارے میں امام اعظم کے اقوال کی روشنی میں اپنا موقف تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. تغیر احکام کے قرآنی نظائر تفصیلاً تحریر کریں۔